# Transcript

## Summer 2019

Pearson Edexcel GCSE

In Urdu (1UR0) Paper 1H

**Edexcel and BTEC Qualifications**

Edexcel and BTEC qualifications are awarded by Pearson, the UK's largest awarding body. We provide a wide range of qualifications including academic, vocational, occupational and specific programmes for employers. For further information visit our qualifications websites at www.edexcel.com or www.btec.co.uk. Alternatively, you can get in touch with us using the details on our contact us page at www.edexcel.com/contactus.

**Pearson: helping people progress, everywhere**

Pearson aspires to be the world's leading learning company. Our aim is to help everyone progress in their lives through education. We believe in every kind of learning, for all kinds of people, wherever they are in the world. We've been involved in education for over 150 years, and by working across 70 countries, in 100 languages, we have built an international reputation for our commitment to high standards and raising achievement through innovation in education. Find out more about how we can help you and your students at:

www.pearson.com/uk

Summer 2019

Publications Code 1UR0_1H_1906_TS

All the material in this publication is copyright

© Pearson Education Ltd 2019

SECTION A

## Daily Routine

روزانہ کا معمول

**Question 1**

**Example**

**مثال**

**F2**

مجھے اتوار کا دن پسند ہے۔

**Question 1**

**F2**

**اتوار کو سکول سے چھٹی ہوتی ہے  اس لیے میں صبح دیر سے اٹھتی ہوں۔ ہم سب خاندان والے مل کر ناشتہ کرتے ہیں اور دیر تک باتیں کرتے رہتے ہیں۔**

**M2**

**موسم اچھا ہو تو ہم دن کو گھومنے کے لیےکہیں باہر چلے جاتے ہیں۔ ہم شام کا کھانا باہر کسی ریسٹورنٹ میں کھاتے ہیں جس کا ہمیں بہت مزہ آتا ہے۔پھر گھر پہنچ کر سکول کی تیاری کرتے ہیں کیونکہ اگلے دن سکول جانا ہوتا ہے۔**

**School (سکول)**

**Question 2**

**Example (مثال)**

**M2**

میرا سکول مجھے پسند ہے۔

**Question 2**

**M2**

ہمارےاسکول میں لڑکے اور لڑکیاں اکھٹے پڑھتےہیں۔ سکول جلدی شروع ہوتا ہے جوطلباءکو ناپسند ہے۔

سکول میں کھانے کا وقفہ چھوٹا ہے اور اکثر کو سخت ناپسند ہے۔

سکولکے ہیڈ ٹیچر رحمدل ہیں اور سب کو پیار سےملتےہیں اس لیےسب ان کو بہت زیادہ پسند کرتے ہیں۔

سکول کا کھانا استادوں کو ناپسند ہے اس لیے وہ کینٹین میں بہت کم نظر آتے ہیں۔

مجھے سکول کی لائبریری پسند ہےکیونکہ میں وہاں سے کتابیں پڑھنے کے لئے گھر لا سکتا ہوں۔

SECTION B

## Holidays

**Question 3**

**Example**

**M1**

میرا نام ارشد ہے اور مجھے سردیوں کی چھٹیاں اچھی لگتی ہیں۔

**Question 3**

**F1**

میرا نام ارم ہے۔میری خواہش تھی کہ میں پاکستان سے باہرکسی دوسرے ملک کی سیر کو جاؤں لیکن میں نے خاندان کی مرضی کے مطابق چھٹیاں لاہور میں اپنےچچا کے ساتھ گزاریں ۔

**M2**

میں اسد ہوں۔ میں چھٹیوں میں نیویارک گیا تھا۔مجھے وہاں کی اونچی اونچی عمارتیں بہت پسند آئیں ۔ اس کے علاوہ مجھے اپنے خاندان کے ساتھ وقت گزارنے کا موقع بھی ملا۔

**F2**

مجھے حفصہ کہتے ہیں۔ میں نے اپنی چھٹیاں دبئی میں سمندرکے کنارے گزاریں ۔ سمندر میں خوب تیراکی کی اور مجھے بہت مزہ آیا۔

**Music Band**

**Question 4**

**Example**

**F1**

میوزک بینڈ ’جنون‘ دنیا میں بہت مشہور ہے۔

**Question 4**

**M1**

میوزک بینڈ جنون سے لوگ محبت کرتے ہیں مگر کافی عرصے سے لوگوں نے اس کو نہیں دیکھا۔لیکن ایک بار پھر یہ بینڈ دنیا کے سامنے آنے والا ہے۔

**F2**

علی نے فیس بک پر ایک پیغام میں لوگوں سے پوچھا کہ کیا وہ ایشیا کے سب سے بڑے بینڈ جنون کو اس سال ایک ساتھ دیکھنا چاہتے ہیں؟

**M2**

لوگوں نے اس پر بڑے جوش سے جنون بینڈ کو پھر سے ایک ساتھ دیکھنے کی خواہش ظاہر کی ہے۔

**F1**

سلیمان نے ایک ٹویٹ کی جس میں انہوں نے لوگوں سےکہا کہ کوئی بھی خواب ناممکن نہیں ہوتا۔

**Profession**

**Question 5**

**Example**

**M1**

میں بچپن ہی سے ڈاکٹر بننا چاہتا تھا۔

**Question 5**

**M1**

جب میں چھوٹا تھا تو یہ سوچتا تھا کہ ڈاکٹر کبھی بیمار نہیں ہوتے مگر عمر کے ساتھ سوچ بھی بدل جاتی ہے۔ ڈاکٹروں کی زندگی تو مریضوں کے لیےہوتی ہے۔ کام کر کے پیسے تو سب ہی کما لیتے ہیں مگر اس پیشے میں لوگوں کی دعائیں بھی بہت ملتی ہیں۔

**F2**

میرے خیال میں ڈاکٹر بننے کے لیےبہت وقت اور پیسہ خرچ ہوتا ہے۔

**M1**

ایسا بھی نہیں صرف دو سال یونیورسٹی میں زیادہ لگتے ہیں اور ان دو سالونکی فیس ادا کرنا پڑتی ہے۔ مگر ڈاکٹرکو تنخواہ بھی تو زیادہ ملتی ہےاور پھرسب ڈاکٹروں کی عزت بھی کرتے ہیں۔

**F2**

لیکن کچھ ڈاکٹر تو اس پیشے کو کاروبار بنا لیتے ہیں۔

**M1**

تمام ڈاکٹروں کی سوچ ایک جیسی نہیں ہوتی۔

Ambitions

Question 6

F1

میرا نام شازیہ ہے۔ میں بچپن سےائیر ہوسٹس بننا چاہتی تھی اوراب میری یہ ی خواہش پوری ہو گئی ہے۔ شروع میں میر ےخاندان والےاس کام کو اچھا نہیں سمجھتے تھے مگرمیں نےیہ ثابت کر دیا ہے کہ اس کام میں کوئی برائی نہیں ہے ۔ ۔ اگر میں ائیر ہوسٹس نہ ہوتی تو وکیل ہوتی ۔

M1

آپ کو اپنا کام کیسا لگتا ہے۔

F1

میں اپنے کام سےبہت خوش ہوں کیونکہ ایک تو مجھے دوسرے لوگوں کے ساتھ کام کرنا ااچھا لگتا ہے اور اس کے علاوہ مسافروں کی دیکھ بھال کرنے سے سکون ملتا ہے۔ ۔

مجھے دوسرے ممالک دیکھنے کا بھی بہت شوق ہےکیونکہ اس طرح مجھے دوسرے ملکوں کی ثقافت کو سمجھنے کا موقع ملتا ہے۔

**School Trip**

**Question 7**

**M2**

ہمارے اسکول کے طلباء پچھلے سال مری کی سیرکر کے واپس آئے تواس کی خو ب صورتی کے قصے سنانا شروع کر دیئے۔ ہمیں بھی وہاں جانے کا شوق پیداہوا اور ہم نےبھی اگلے ہفتے وہاں جانے کا پروگرام بنا لیا۔

**F1**

مری اسلام آباد سےچالیس کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ اسلام آباد سے مری تک کے راستے میں بہت سی خوبصورت جگہیں آتی ہیں جن کے دلکش مناظر سے انسان بہت لطف اندوز ہوتا ہے۔

**M2**

مری پہنچنے پر سخت سردی اور برف نے ہمارا استقبال کیا۔مارچ کا مہینہ تھا اور برف باری کاموسم ختم ہوچکا تھا لیکن اب بھی ہر چیز برف سے ڈھکی ہوئی تھی ۔

**F1**

ہم نے ایک ہوٹل سے کھانا کھایا۔پورا دن مال روڈ کی سیر کی۔یہاں ہر طرف سیاح گھومتےنظر آئے جو وہاں خریداری کر رہے تھے ت۔

**M2**

برف با ری نے وہاں کی ہر چیز کو سفید کر دیا تھا بہت سے لوگ برف سے کھیل رہے تھے۔۔

**F1**

ہم سب نے مل کر برف سے مینار پاکستان کا ماڈل بنایا جس پر ہمیں بہت فخر محسوس ہوا۔۔ ہم وہاں کچھ دیر گھومے اور سورج غروب ہوتے ہی واپسی کا رخ کیا۔

**Healthy life style**

**Question 8**

**Example**

**F2**

میرا نام سارہ  ہےاور میں  ہمیشہ سے کھانے پینے کی شوقین  رہی ہوں۔

**Question 8 Part (a)**

**M1**

لذیذکھا نوں  کا شوق تو ہر کسی کوہوتا ہے ۔مجھے بھی مختلف قسم کے پکوان کھانے کا شوق ہے۔

**F2**

میں نے اپنے وزن کی پرواہ کیے بغیر اپنی کھانے کی عادت جاری رکھی۔ جس سےمیرا وزن بڑھ کرسوکلوگرام تک جا پہنچا ۔ پھر ایک  دن  کسی  سہیلی نے مجھے فیس بک پر  میری ایک تصویر بھیجی جسے  دیکھ کر مجھے فکر ہوئی

**M1**

تمہاری سہیلی کو یہ تصویر کہاں سے ملی؟

**F2**

میری سہیلی  نے یہ تصویر  میری پچھلی سالگرہ  پر لی تھی جب وہ پاکستان آئی تھی۔  خود کو اس تصویر میں دیکھ کر  سوچنے پر مجبور ہو گئی۔ ۔

**Question 8 Part (b)**

**M1**

اس تصویر نے تمہیں سوچنے پر  کیوں مجبور کیا؟

**F2**

جب میں نے فیس بک پر اپنی وہ تصویر دیکھی تو مجھے  احساس ہوا کہ میں نے کبھی خود پر غور ہی نہیں کیا تھا ۔میں نے اس تصویر کو تو  ہٹادیا مگراس تصویر نے میری زندگی بدل  ڈالی ۔

M1

اچھا وہ کیسے ؟

F2

میں نےاپنی کھانے کی عادات  بدلنا  شروع کیں اور اپنا  وزن کم کرنے کی فکر کی۔  چکنائی کی بجائےمیں نے پھلوں اور سبزیوں کا استعمال  شروع  کر دیا۔ اب میں روزانہ تیس منٹ ورزش کرتی ہوں  اور اب  تکچالیس کلوگرام وزن کم کر چکی ہوں۔

**Technology**

**Question 9**

**Question 9 Part (a)**

**M2**

ماضی میں  بچے اپنا زیادہ تر  فارغ  وقت کھیلنے میں گزارا کرتے تھے اور عام طور پر  چھٹی والے دن اپنے رشتے داروں  یا دوستوں سے ملا کرتے تھے۔

**F2**

اب وقت بدل گیا ہے۔ آج کل کی نسل بچپن ہی سے اپنا زیادہ  تر وقت انٹرنیٹ پر گزار رہی ہے اور ان کے پاس کسی سے ملنے جلنے کا وقت  ہی نہیں ہے۔  ٹیکنالوجی کے استعمال میں لڑکے اور لڑکیوں کے رجحان میں کوئی خاص فرق نہیں ۔M2

اکثر  لڑکے کمپیوٹر گیمزکھیل کر اپنے وقت کا  زیاں   کرتے  ہیں  ۔ جبکہ  زیادہ تر لڑکیاں انٹرنیٹ  پر فیشن سے متعلق   چیزیں  ڈھونڈنے میں  اپنا وقت صرف کرتی ہیں ۔

**Question 9 Part (b)**

**F2**

والدین کے لیے  یہ بات انتہائی  اہم ہے کہ وہ اپنے بچوں کے انٹرنیٹ کے استعمال   پر  نظر رکھیں  تا کہ  وہ انھیں  انٹرنیٹ کے منفی  اثرات سے محفوظ  رکھ سکیں ۔

M2

لڑکے عام طور پر موسیقی سننے کے لیے کمپیوٹر کا استعمال کرتے ہیں جبکہ لڑکیاں اپنی پسند کی فلمیں اور ڈرامے زیادہ تر موبائل فون پر دیکھتی ہیں ۔میری رائے میں ہماری نوجوان نسل کو ٹیکنالوجی کے استعمال میں توازن برقرار رکھنا چاہیےاور زیادہ سے زیادہ اسے تعلیمی مقاصد کے لیے استعمال کرنا چاہیے ۔

**Environmental issues**

**Question 10**

**Example**

**M3**

پشاور کے دیہات میں زیادہ بارشوں کی وجہ سے لوگوں کو کھیتی باڑی کرنے میں دشواری کا سامنا ہے۔

**Question 10 Part (i)**

**M3**

پاکستان کے شمالی علاقوں میں زلزلہ آنے کی وجہ سے کافی مالی نقصان ہوا۔ اسکول اور کاروبار کافی دنوں تک بند رہے،البتہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

**F2**

ملتان میں اس سال بارشوں کی کمی کی وجہ سے اناج کی پیداوار کم ہوئی۔ کچھ تاجر وں نے اس کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے اناج کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا جس کی وجہ سے غریب لوگوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا ۔

**Question 10 Part (ii)**

**M3**

آئے دن پاکستان میں گاڑیوں کےبڑھتے ہوئے حادثات کی وجہ سے حکومت نے کم عمر بچوں کے گاڑی چلانےپر پابندی عائد کر دی ہے۔اس کے علاوہ قانون شکنی پر گاڑی کے مالک کو بھی جرمانہ کیا جائے گا۔

F2

پنجاب بھر میں گاڑیوں اور کارخانوں کے دھوئیں سے فضا میں شدید دھند پھیل گئی ہے جس کی وجہ سے ذرائع آمد و رفت بری طرح سے متاثر ہوئے ہیں ۔ اس کے علاوہ سانس کی بیماریوں میں بھی بے پناہ اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔